شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

24جون2026ء

# پریس ریلیز

## شہادتِ سیدنا حسینؓ داستانِ عزیمت اور فریضۂ شہادتِ حق کی ادائیگی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** شہادتِ سیدنا حسینؓ داستانِ عزیمت اور فریضۂ شہادتِ حق کی ادائیگی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ اسلام کے سیاسی نظام میں ایک دراڑ آنے پر عزیمت کا راستہ اختیار کرتے ہوئے نواسہ رسول ﷺ نے اپنی اور اپنے خاندان کے بہت سے افراد کی جان قربان کر دی۔ حقیقت میں آج مسلمانوں کی اکثریت نے اسلام کو محض عقائد، عبادات ورسومات کا ایک مجموعہ سمجھ رکھا ہے۔ حالانکہ اسلام ایک مکمل نظامِ حیات ہے جو زندگی کے تمام انفرادی اور اجتماعی گوشوں پر محیط ہے۔ جس طرح انفرادی سطح پر عقائد، عبادات ورسومات کی دین میں اہمیت ہے، اتنی ہی اہمیت اجتماعی سطح پر اسلام کے معاشی، سیاسی اور معاشرتی نظام کی بھی ہے۔ نواسۂ رسول ﷺ سیدنا حسینؓ کی دینی غیرت و حمیت نے نظام خلافت کا ملوکیت میں تبدیل ہونا برداشت نہ کیا۔ آج غزہ، مغربی کنارے اور لبنان کے مسلمان گویا ایک کربلا کی سی کیفیت سے گزر رہے ہیں۔ پھر یہ کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل 'گریٹر اسرائیل' کے منصوبے کو مسلسل آگے بڑھا رہی ہے اور صہیونی آئے روز مسجدِ اقصیٰ پر حملہ آور ہو رہے ہیں۔ امریکہ، مغربی یورپ اور بھارت نے غزہ میں مسلمانوں کی نسل کُشی میں اسرائیل کی مکمل مدد کی۔ گویا باطل کی تمام قوتیں غزہ کے مسلمانوں کے قتلِ عام میں بالواسطہ یا بلاواسطہ شریک رہیں۔ اگر یہود و ہنود کا گٹھ جوڑ آج بھی کسی پر واضح نہیں تو ہم دعا ہی دے سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ دل کی آنکھ بھی کھولے تاکہ اشیاء اپنی اصل حقیقت کے مطابق دکھائی دیں۔ پھر یہ کہ ایران کے خلاف امریکی و اسرائیلی حملوں کے بعد عارضی جنگ بندی کے ایم او یوز MOUs پر دستخط تو ہو چکے ہیں اور اُس کے بعد سوئٹزرلینڈ میں اِن کی بنیاد پر خطے میں 'مستقل جنگ بندی اور قیامِ امن' کے لیے 60روزہ مذاکراتی عمل کا بھی آغاز ہو چکا ہے، جس میں پاکستان بھی ایک ضامن ہے، لیکن ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کسی نوعیت کی جنگ بندی اور امن معاہدے کو ماننے کے لیے تیار ہی نہیں۔ مسلمانوں کی موجودہ ذلت و رسوائی کا باعث یہی ہے کہ قرآن و سنت کے طے شدہ نظام یعنی نظامِ خلافت کو ترک کر کے مغرب سے درآمد شدہ نظام کو عالمِ اسلام پر نافذ کر دیا گیا ہے۔ آج اسلام کے نام پر بننے والے ملک پاکستان میں اسلامی نظام کی سیاسی، سماجی اور معاشی بنیادیں ڈھیر کر دی گئیں ہیں لیکن مسلمانانِ پاکستان ٹَس سے مَس نہیں ہو رہے۔ ہمیں اسوۂ حسینؓ سے رہنمائی لیتے ہوئے باطل کے خلاف ڈٹ جانا ہوگا اور فریضۂ شہادتِ حق ادا کرنا ہوگا تاکہ دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی مل سکے۔

**جاری کردہ**

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: June 25th, 2026**

## The Martyrdom of Sayyidina Hussain (*RA*) is a saga of fortitude and a beacon of light for fulfilling the duty of witnessing the truth.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He stated that when a rift appeared in the political system of Islam, the grandson of the Holy Prophet (*PBUH*) chose the path of ultimate determination, sacrificing his life along with many members of his family. He lamented that today, the vast majority of Muslims view Islam merely as a collection of beliefs, rituals, and acts of worship. In reality, Islam is a complete code of life that encompasses all individual and collective spheres. Just as beliefs and rituals hold immense significance at an individual level, the economic, political, and social systems of Islam hold equal weight at the collective level. The religious honor and zeal of the grandson of the Holy Prophet (*PBUH*), Sayyidina Hussain (*RA*), could not tolerate the transformation of the Khilafah into a monarchy. Today, the Muslims of Gaza, the West Bank, and Lebanon are passing through a situation akin to Karbala. Furthermore, the illegitimate Zionist state of Israel is continuously pushing forward its 'Greater Israel' project, and Zionists assault Al-Aqsa Mosque on a daily basis. The United States, Western Europe, and India have fully aided Israel in the genocide of Muslims in Gaza. Thus, all forces of falsehood remained directly or indirectly complicit in the massacre of Gaza’s Muslims. If the nexus between Zionist and Hindu extremist forces is still not obvious to someone, we can only pray that Allah opens their inner eyes so that things appear in their true reality.

Moreover, following the American and Israeli attacks against Iran, temporary ceasefire Memorandums of Understanding (MoUs) have been signed. Consequently, a 60-day negotiation process has commenced in Switzerland to establish a 'permanent ceasefire and regional peace' based on these MoUs, with Pakistan serving as one of the guarantors. However, the illegitimate Zionist state of Israel is not ready to accept any form of ceasefire or peace agreement. The root cause of the current humiliation and decline of Muslims is that they have abandoned the system ordained by the Quran and Sunnah – the system of Khilafah – and have instead enforced systems imported from the West across the Islamic world. Today, in Pakistan – a country created in the name of Islam – the political, social, and economic foundations of the Islamic system have been dismantled, yet the Muslims of Pakistan remain completely indifferent. We must seek guidance from the exemplar of Hazrat Hussain (*RA*), stand firm against falsehood, and fulfill our duty of witnessing the truth so that we may achieve success in both this world and the Hereafter.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**